# ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2019-20/219 — 17 اپریل 2020

ڈی او آر نمبر بی پی بی سی 62/21.04.48/2019-20

سبھی کمرشیل بینکیں (علاقائی دیہی بینکوں کے علاوہ)

آل انڈیا مالیاتی ادارے (نبارڈ، این ایچ بی، ایکزم بینک اور سڈ بی)

سبھی اہم غیر ڈپازٹ والی این بی ایف سی ز (این بی ایف سی ز-این ڈی-ایس آئی)

محترم/محترمہ!

## کووڈ 19 ریگولیٹری پیکیج-دباو والے اثاثوں کی قرارداد پر پروڈینشیل فریم ورک کے تحت ٹائم لائنس قرارداد پر نظر ثانی

برائے مہربانی ریزرو بینک کے گورنر کا 17 اپریل 2020 کے اعلان کا حوالہ لیں انہوں نے کووڈ-19 مہلک وبا کے اثرات سے بھارت میں متاثرہ تجارت اور مالیاتی اداروں کو بچانے کے لئے عالمگیری کارروائیوں کے ساتھ قدم ملا کر بینکنگ نگرانی پر بیسل کمیٹی کی سفارشات کے مطابق کچھ اقدام کا اعلان کیا ہے۔ اس معاملہ میں دباؤ والے اثاثوں کی قرارداد پر پروڈینشیل فریم ورک کے تحت ٹائم لائنس قرارداد جو 7/جون 2019 کے تحت جاری کی گئی ہے وہ ہدایات مندرجہ ذیل ہیں:

2. پروڈینشیل فریم ورک کے پیرا-11 کے تحت قرض دینے والے اداروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک ریزولیوشن پلان لاگو کریں کہ دیوالیہ صنعتوں (اینٹیٹیز) کے لئے نظر ثانی مدت کے 30 دن کے بعد 180 دنوں کے اندر ان پر کارروائی کی جائے گی۔

3. غور کرنے پر یہ طے کیا گیا ہے کہ یکم/مارچ 2020 تک جو اکاؤنٹس رویو پیریڈ کے اندر ہیں، یکم/مارچ 2020 سے 31/مئی 2020 کے درمیان ہونے والے اکاؤنٹس کو رویو پیریڈ کے لئے 30 دن کی ٹائم لائنس کے حساب سے الگ رکھا جائے گا۔ ایسے سبھی اکاؤنٹس کے بارے میں رویو مدت یکم/جون 2020 سے گنی جائے گی اس کے ختم ہونے کے 180 دن کے بعد قرارداد (ریزولیوشن) پر قرض دینے والے ادارے کارروائی کریں گے۔

4. ان اکاؤنٹس کے بارے میں جن کا رویو پیریڈ ختم ہو گیا ہے لیکن یکم/مارچ 2020 تک 180 دن کا ریزولیوشن پیریڈ ختم نہیں ہوا تھا ان کا ٹائم لائنس ریزولیوشن اس 180 دن کے بعد سے مزید 90 دن بڑھا دیا گیا ہے۔

5. نتیجتاً، پیرا-17 میں بتائے گئے اضافی پراویزنس (پروڈینشیل فریم ورک) لاگو ہو جائیں گے جیسے ہی توسیع شدہ ریزولیوشن مدت ختم ہوتی ہے جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے۔

6. دوسرے اکاؤنٹس کے معاملوں میں پروڈینشیل فریم ورک کے پراویزنس (شرائط) بغیر کسی ترمیم کے لاگو کردی جائیں گی۔

7. قرض دینے والے اداروں کو چاہیئے کہ وہ ایسے اکاؤنٹس کے معاملہ آشکارہ کریں جہاں ریزولیوشن مدت میں توسیع کی گئی تھی ''نوٹس ٹو اکاؤنٹس'' وہ اپنے 30/ستمبر 2020 کو ختم ہونے والی سہ ماہی کے گوشوارہ میں (مالیاتی اسٹیمنٹ) تیار کرتے وقت اور مالیاتی سال 2020-2021 کے گوشوارہ میں اس کو دکھائیں۔

آپ کا مخلص

(سوروسنہا)

چیف جنرل منیجر